Session 18th

Notice No. 1766

Received Dated 03 / 05 /2021

Admitted Dated 19 / 05 /2021

Department **Industries**

توجہ دلاو نوٹس نمبر 1766

منجانب: وقار احمد خان رُکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ صنعت و حرفت کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کروانا چاہتا ہوں وہ یہ کہ اس وقت پاکستان میں تحریک انصاف کی حکومت ہے اور اس پارٹی نے لوگوں کو انصاف دلانے کی بنیاد پر ووٹ لیا تھا لیکن بد قسمتی سے یہاں اب ظلم اپنی انتہاء کو پہنچ چکا ہے اور وہ ایسے کہ میرے حلقہ نیابت کے دکانداروں (جن کے نام سعید احمد، حبیب اللہ، اکرام اللہ اور شاہی محمد ہیں) نے نومبر 2020 سرکاری چینی کے حصول کے لیے قانون طریقے سے کروڑوں روپے جمع کئے اور دو دن کے بعد بتایا گیا کہ آپ کا آرڈر کینسل ہو چکا ہے اور رقم دو ہفتے میں واپس مل جائے گی۔ چھوٹے کاروباری لوگ گروپس کی شکل میں سرمایہ اکٹھا کر کے کاروبار کرتے ہیں اور اگر ان کے ساتھ اس قسم کا ظلم ہوتا رہا ہو تو آخر یہ حکومت عوام کو کس حد تک نچوڑنا چاہتی ہے۔ لہذا میری گزارش ہے کہ ڈائریکٹر فوڈ حکومت خیبر پختنو نخواہ یہ معاملہ ایمر جنسی بنیادوں پر حکوت پنجاب کے ساتھ اٹھائیں اور غریب اور چھوٹے کاروباری لوگوں کو مذید نچوڑنا بند کر دیں